राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Education, Department of Higher Education, Government of India
Farogh-e-Urdu Bhawan, FC-33/9, Institutional Area, Jasola, New Delhi-110025
Ph.: 011-49539000, Fax: 011-49539099, Website: www.urducouncil.nic.in, E-mail: director@ncpul.in

اطلاع

قومی اردو کونسل اردو زبان و ادب کے فروغ کے لیے نوڈل ایجنسی کے بطور سرگرم عمل ہے۔ اس سلسلے میں کونسل مختلف اسکیموں کے تحت ادیبوں/ رضا کار تنظیموں/ دیگر اداروں کو مالی اعانت فراہم کرتی ہے۔ تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

- **مسودات (اردو/ عربی/ فارسی) کی اشاعت کے لیے مالی تعاون کی اسکیم:** اس اسکیم کے تحت نادر مسودات/ مخطوطات کی ترتیب و انتخاب، کتابیات، لغات، علمی، ادبی، تخلیقی، تنقیدی اور حوالہ جاتی کتابوں کی اشاعت کے لیے مالی تعاون فراہم کیا جاتا ہے۔ ایم. فل، پی ایچ. ڈی. وغیرہ کے مقالات پر مالی امداد نہیں دی جائے گی۔ اشاعتی تعاون کے لیے ٹائپ شدہ مسودے ہی قابل قبول ہوں گے۔ مزید برآں مسودے کم از کم 100 صفحات پر مشتمل، قابل غور ہوں گے۔ نیز مسودے مبسوط و مفصل مقدمہ پر مبنی، قابل قبول ہوں گے۔ تخلیقی و تنقیدی مسودے کو ترجیح دی جائے گی۔

- **پروجیکٹ کے لیے مالی تعاون کی اسکیم:** اس اسکیم کے تحت پروجیکٹ کے لیے حوالہ جاتی کتب، نادر مسودات کی توضیحی تفصیلی فہرست/ فرہنگ سازی، نایاب طبع زاد متون کی اشاعت ثانی، قدیم مسودات کی اشاعت مع ترجمہ، کلاسکس کی نقل حرفی وغیرہ پر غور کیا جاتا ہے۔ درخواست فارم کے ساتھ پروجیکٹ کا تفصیلی خاکہ (Synopsis) کم از کم 5 سے 10 صفحات نیز ابواب پر **مشتمل اردو میں ہونا** لازمی ہے۔ اس تعلق سے قومی اردو کونسل کی ویب سائٹ پر خاکہ کا فارمیٹ دستیاب ہے۔

- **کتب/ رسائل/ جرائد کی تھوک خریداری کی اسکیم:** اس اسکیم کے ضابطے وہی ہیں جو مسودات کے اشاعتی تعاون کے لیے مقرر ہیں لیکن وہ کتابیں جن پر کسی ادارے نے مالی تعاون دیا ہو یا قومی یا ریاستی سطح پر ایوارڈ سے یافتہ ہوں، خریداری کی اہل نہیں ہوں گی۔ کتابیں گزشتہ اور رواں سال کے درمیان شائع ہونی چاہئیں۔ وہی رسائل و جرائد خریداری کے لیے اہل ہیں جو رجسٹرڈ (آر. این. آئی.) ہوں اور ایک سال سے زیادہ عرصے سے شائع ہو رہے ہوں نیز جن کی تعداد اشاعت کم از کم پانچ سو کاپیاں ہوں۔

نوٹ: ایک مالی سال کے دوران اردو کونسل کی اسکیم، مالی تعاون برائے اشاعت مسودات/ تھوک خریداری/ پروجیکٹ میں سے صرف ایک اسکیم کے لیے درخواست قبول کی جائے گی۔ ایک سے زائد اسکیم کی درخواست مسترد کر دی جائے گی

- **سیمینار/ کانفرنس/ ورکشاپ/ کے لیے مالی تعاون کی اسکیم:** اس اسکیم کے تحت رضا کار تنظیموں/ یونیورسٹیوں/ دیگر اردو اداروں کو لسانی، ادبی اور تہذیبی روایات کے موضوعات پر سیمینار/ کانفرنس/ ورکشاپ/ کے انعقاد کے لیے مالی امداد فراہم کی جاتی ہے۔

رضا کار تنظیمیں/ سوسائٹی/ ٹرسٹ/ دیگر ادارے جو مرکزی یا ریاستی سطح پر گزشتہ تین برسوں سے رجسٹرڈ ہوں اور NITI Aayog NGO Portal Darpan http://ngodarpan.gov.in پر اندراج کرا چکے ہوں، قومی اردو کونسل کی ویب سائٹ سے متعلقہ اسکیم کی تفصیل اور فارم ڈاؤن لوڈ کر کے مکمل فارم مع کاغذات دفتر ہٰذا کو 1 مئی تا 31 مئی 2022 کے درمیان مالی سال 2022-2023 کے لیے درخواست بھیج سکتے ہیں۔

پروفیسر شیخ عقیل احمد
ڈائرکٹر